بعون صناع ممکن مکان فضل خلاق زمین و زمان
خلاصۃ الرمل
موسوم مجموعہ
فالنامۂ بیدل

فہرست مضامین مجموعہ فالنامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اگر نہ ہے بسم اللہ کشتی تاج عنوانہا | نکلتے تا قیامت لوخط شیرازہ دیوانہا

حمد اوس معبود مطلق کو سزاوار ہے جسنے ایک اشارہ کن سے کون مکان
بنایا اور نعت اوس محبوب برحق کو زیبا ہے جسکے نور ظہور نے گمراہون کو
ظلمت ضلالت سے نکالا صلی اللہ علیہ علی آلہ واصحابہ اجمعین اما بعد مخفی نرہے
کہ یہ ایک رسالہ ہے فن رمل مین مشتمل اوپر ۱۶ سولہ سوالونکے اور ہر سوال کی
ایک شکل ہے اور ہر شکل کے لیے ایک حرف ہے اور ہر حرف کیواسطے ایک
صفحہ ہے اور ہر صفحہ مین ۱۶ سولہ جواب ہین کیفیت اس رسالہ کی یہ ہے کہ اہل یورپ
سے ایک بادشاہ کہ نام اوسکا گونا پات تہا وہ اس رسالہ کو بہت عزیز
رکہتا تہا اور جب کسیکام مین مشورہ کرنا منظور ہوتا تہا یا کسی امر مین کوئی
مشکل پیش ہوتی تہی تو اس رسالہ سے فال دیکہہ کرکے جواسکا

حکم نکلتا تھا اوسپر عمل کرتا تھا جب اوسکو معلوم ہوا کہ میری سلطنت مین
زوال آنیوالا ہے اور مین مغلوب ہو جاؤنگا تو خود تن تنہا اجنبی کیطرح
ملکہ وکٹوریا دام اقبالہا کے پاس آیا اور ظاہر کیا کہ مین بادشاہ گوناپات ہون
اور اس ارادے سے آیا ہون کہ اپنا ملک بخوشی خاطر تمکو بخشدون بعد
اوسکے کہا کہ سلطنت بھی مین نے آپ کو بخشی اور جس سے سلطنت کی
اعظم مہمات مین مین مشورہ لیا کرتا تھا وہ بھی نذر ہے یعنی یہ رسالہ دیا اور کہا
کہ اس رسالہ کو مین سلطنت سے بڑھکر عزیز رکھتا ہون تمکو بھی لازم ہے
کہ اسکو بہت احتیاط سے رکھنا غرضکہ جب سے سرکار انگریزی کا اسپر عمل ہے
اور رفتہ رفتہ یہ رسالہ مشتہر ہوا تو سو روپیہ قیمت مقرر ہو گئے چنانچہ
اب جو درخواست اس رسالہ کی کرتا ہے بعد ادائے مبلغ یکصد روپیہ کی اسکو
نقل ملتی ہے اتفاق سے خاکسار سید تراب علی ولد سید فیض علی لال
ساکن کانپور کو بھی ایک بنگالی سے جسنے ولایت سے رسالہ مذکور
کی نقل منگوائی تھی دستیاب ہوا لہذا اس نیت سے کہ خاص و عام اس سے
نفع اوٹھائین اردو مین ترجمہ کیا اور حسب خواہش تاجر باتمیز شیخ عبد العزیز
صاحب ولد حاجی شیخ رجب علی صاحب تاجر کتب ساکن لکھنو کو چھاپنے
کے لیے دیا گیا اور حق تالیف بھی شیخ صاحب موصوف کو بخوشی خاطر ہبہ
کیا ہے کہ کوئی صاحب بدون اجازت جناب شیخ صاحب موصوف کے
قصد طبع نفرماوین فقط اور ترکیب ملاحظہ کرنے فالنامہ ہذا کی واسطے
رفع دقت کے ذیل مین درج کی جاتی ہے فقط

ترکیب دیکھنے فالنامہ کی اور حاصل کرنے جواب سوال کی

وضع ہو کہ جب فال دیکھنا منظور ہو تو صفحہ چھٹے کو جسمین سولہ سوال
نمبروار درج ہین نکالے اور جس نمبر کا سوال موافق مطلب ہو اوس
سوال کا جواب اس طریقہ سے نکالے کہ اول چار خط نقطون کے کہینچے
اور ہر خط سولہ نقطون سے کم نہو اور ایک خط ایک سانس مین پورا کرے اس طرح

۱ ....
۲ .... بعد اسکے ہر ایک خط کے نقطون کو زوج زوج
۳ ....
۴ .... یعنے دو دو کر کے وضع کرے اگر بعد وضعات

کے فرد یعنے ایک نقطہ بچے تو علیحدہ ایک نقطہ لکھے اور اگر زوج
یعنے دو نقطے بچین تو ایک آڑی لکیر جس طرح پاؤ آنہ لکھتے ہین علیحدہ
لکھے اس صورت پر

پہلا خط ....
دوسرا خط ....
تیسرا خط ....
چوتھا خط ....

فرد ·
زوج —
فرد ·
زوج —

ان چارون خطون مین پہلے سے فرد اور دوسرے سے زوج اور
تیسرے سے پھر فرد اور چوتھے سے پھر زوج حاصل ہو تو مجمع یہ شکل ہوئی
جب یہ صورت حاصل ہو چکی تو صفحہ نمبری ۸ کے پیشانی پر سولہ شکلین
لکھی ہین اور ہر شکل کے نیچے اوتنے خانہ ہین اور ہر خانہ مین ایک حرف ہے
اس شکل کو اون شکلون سے ملائے جس خانہ مین یہ شکل ہو اوس شکل
کے نیچے اوتنے خانہ شمار کرے جتنے عدد کا سوال تھا مثلا سوال دسوان
تھا تو دس خانہ اس شکل کے نیچے شمار کرے دسوین خانہ مین جو حرف ہو

اوس حرف کا صفحہ نکالکر دیکھہ لے کہ اوس شکل کا کیا جواب لکھا ہے
اب ہم رفع دقت کے لیے ایک سوال بھی لکھے دیتے ہین اور اوسکا
جواب بھی کہ بالکل اسانی ہو جائے اور جس سوال کو نکالنا ہو اوس قاعدہ
کے موافق نکال لے ـ

سوال کیا مین اپنے کام مین کامیاب ہونگا

جواب خدا تمکو برکت دیگا

اس سوال کا جواب ہمنے یون نکالا کہ حسب قاعدہ چار خط کھینچے

اس صورت سے

تو چار ون خطون سے

صورت ــــــــــــ حاصل ہوئی اب اس صورت کو صفحہ
پیشانی مین ڈہونڈہا تو چہٹی شکل کے مطابق پایا پھر سوال
دیکہا تو ۲ نمبر کا سوال تہا لہذا حسب قاعدہ چہٹی شکل کے
خانہ شمار کیے دوسرے خانہ مین گ تہا اب گ کا صفحہ نکالا تو
شکل کا جواب تہا (خدا تمکو برکت دے گا) یہی سوال کا جواب
اور اسی طرح جو سوال جس نمبر کا حسب قاعدہ اوسکا جواب
لنا چاہیے اور جس مطلب کے لیے دیکہنا منظور ہو اوسکا جواب انہیں
اون سے ملیگا اور تعبیر خواب بھی باسانی نکل سکتی ہے اسی قاعدہ سے فقط

پہلا	سوال	کیا میری مراد بر آوے گی
دوسرا	سوال	کیا میں اپنے کام میں کامیاب ہونگا
تیسرا	سوال	کیا میں اپنا مقدمہ جیتون گا یا ہارون گا
چوتھا	سوال	کیا میں اسی جگہہ رہونگا یعنے پردیس میں
پانچواں	سوال	کیا مسافر لوٹ آویگا یا نہیں
چھٹا	سوال	کیا میرا چوری گیا ہوا مال ملجاوے گا
ساتواں	سوال	کیا میرا دوست پہنچا اپنے کام میں ہے
آٹھواں	سوال	کیا میں سفر کرونگا
نواں	سوال	کیا وہ شخص مجھسے محبت کرتا ہے اور لحاظ کرتا ہے
دسواں	سوال	کیا وہ شادی سے کامیاب ہوگا
گیارہواں	سوال	مجھے کس قسم کی بی بی یا کیسا خاوند ملے گا
بارہواں	سوال	کیا تمہارے لڑکا ہوگا یا لڑکی یا ہمارے
تیرہواں	سوال	کیا وہ اچھا ہوجائیگا اپنی بیماری سے
چودہواں	سوال	کیا وہ قید سے چھوٹ جائے گا
پندرہواں	سوال	کیا میں آج اچھا رہونگا یا برا یعنے صاحب نصیب یا بدنصیب
سولہواں	سوال	اس خواب کی ہمارے کیا تعبیر ہے بیان کرو

ہر مہینے کی یہ تاریخیں نحس ہیں ان میں فال دیکھنا ممنوع ہے

جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
۱، ۲، ۴، ۶، ۱۰، ۲۰، ۲۲	۶، ۱۷، ۲۸	۲، ۴، ۵، ۹	۱۰، ۲۷، ۸	۷، ۱۹	۲۷، ۵	۱۷، ۲۱	۲۰، ۲۲	۵، ۳۰	۶، ۰	۳، ۲۹	۶، ۱۰، ۱۵، ۲۶

الف

نمبر	شکل	
۱		جو کچھ تمہاری مراد ہے تم حاصل کروگے
۲		غم اور تکلیف
۳		تم بہت ہوشیار ہو کہ ہر ایک کام آج کرو شاید تمہارے اوپر کوئی تکلیف نہ پڑیگی
۴		قیدی مرتا ہے اور افسوس کیا گیا اپنے دوستوں سے
۵		جان کم کی گئی ہے موت کی تیاری کرنے کے لیے
۶		ایک بہت خوبصورت لڑکی لیکن ایک دردمند
۷		تم ایک نیک یا دیندار آدمی یا عورت وسیلہ اپنے شریک کے پاؤگے
۸		اگر تم اس شخص سے شادی کروگے جسکی تم تھوڑی سی [illegible] کرتے ہو تم دشمن پاؤگے
۹		بہتر ہے کہ اس محبت کو ظاہر کرو کیونکہ یہ تمہیں سچی ہے
۱۰		ظاہر کرو تم اپنے سفر کو کیونکہ یہ تمہارے اسلیے فائدہ مند ہوگا
۱۱		ایک سچی دوستی اور صدق دوستی ہے درمیان تم دونوں کے
۱۲		تمہارا چوری گیا ہوا مال نہیں ملیگا
۱۳		مسافر جلد خوشی کے ساتھ لوٹ آویگا
۱۴		جس جگہ کہ اب تم ہو وہاں سے نہیں جاؤگے
۱۵		خداوند تعالی تمہیں اچھی طرح سے پرورش کریگا
۱۶		تم آج خوش نہیں ہو خدا سے دعا کرو کہ وہ تمہیں مدد دیگا

۹ ب

۱		قسمت جوکہ تمہارے واسطہ مقرر کی گئی ہی حرز کیجاویگی و سرونسے
۲		جو کچھہ اب تمہاری خواہشین ہین اونکو معطل کرو
۳		ظاہر کرتے ہین ایک مہربانی یا مہربانی کسی آدمی سے
۴		وہان لوگ دشمن ہین جو تمہین دغا دینگے اور ناخوش کرینگے
۵		بڑی مشکل سے وہ صفائی حاصل کریگا یا رہائی بہی
۶		صبر تیار کیا جاتا ہے اس دنیا کے چھوڑنے کو
۷		اوسکے ایک عاقل و فاضل لڑکا پیدا ہوگا
۸		ایک دولتمند تمہارے لیے شریک مقرر کیا گیا ہے
۹		اس شادی سے تم بڑی قسمت اور کامیابی پاوسگے
۱۰		یہ محبت آتی ہے ایک صاف اور سچے دل سے
۱۱		خدا تمہارے ساتھ رہیگا اور برکت دیگا خدا انتہین
۱۲		دوستون سے خبردار رہو جوکہ جھوٹے اور فریبی ہین
۱۳		تم اپنا مال بے ہیدکیے ہوسے حاصل کرینگے
۱۴		محبت انکار کرتی ہے اوسکے گھر لوٹنے سے حال ہین
۱۵		تمہارا ٹھہرنا یہان بخشن ہے اسلیے اپنے تبدیلی کے واسطے تیار رہو
۱۶		تم نہین فائدہ پاؤسگے اسلیے عاقل ہوشیار رہو

		ص
١		خدا کی برکت سے تمکو بہت کچھ ملے گا
٢		تم حقیقت میں بدقسمت ہو خدا سے مدد کے لیے دعا مانگو
٣		اگر تمہاری خواہشیں اچھی نہیں ہیں وہ بخشے جاوینگے
٤		آرام کثرت درمیان دوستون کے
٥		آج خوب ہشیار رہو ورنہ تکلیف پڑیگی
٦		قیدی اپنی رہائی یا معافی کو مشکل سمجھے گا
٧		صبر سے تندرستی اور کامیابی ہوگی
٨		اوسکے ایک لڑکی ہوگی
٩		آدمی دوست نہیں ہے بلکہ دشمن ہے
١٠		شادی مت کرو ورنہ غمگین ہوگے
١١		تمہارے سفر بے فائدہ ہیں گھر پر ٹھہرو
١٢		تم ایک سچے اور صاف دوستی پر رہ سکتے ہو
١٣		جو مال گیا ہے ابھی نہیں ملے گا
١٤		بیماری سے مسافر نہیں اچھا ہوگا
١٥		یہ تمہاری قسمت ہے جہان رہو
١٦		معطل کر دو جو کچھ کہ تمہاری بربادی ہوتی ہے

		د
۱		دوسرے ملک مین بہت سامال ملے گا
۲		ازادیسے سفر کرو تمہین دوگنا ملیگا
۳		تم کمبختی سے کامیابی اور خوشے مین جاوگے
۴		اپنے ارادونکو گرادو ورنہ تکلیف پڑے گی اور مفلسی
۵		تمہارے پیروی مین بہت ہی خرابیان پڑین گی
۶		جو کچھ تمہارے ارادے ہین اونکو لٹادو
۷		قیدی پہر رہائی پاوے گا
۸		صبر کی بیماری بیشک اچھی ہوجاوے
۹		اوسکے ایک خوبصورت لڑکا ہوگا
۱۰		آدمی کم ہوگا لیکن اچھے دل سے
۱۱		اس شادیسے تم بہبودی اور کامیابی پاؤگے
۱۲		تمہارا ایک آدمی ہی تم سے اچھی طرح نہین بولتا ہے
۱۳		تم اپنے سفر مین کامیاب ہوگے اگر ہوشیار لیسے جاؤگے
۱۴		اوسکا یہ مطلب نہین ہے جو کچھ کہتا ہے غلط ہے
۱۵		تکلیف اور رنج کے ساتھ مال ملیگا
۱۶		بدقسمت ہو خدا سے مدد چاہو

ی		
جتنی جلدی تم امید کرتی ہو مسافر نہین آویگا		١
اپنے دوستون مین رہو تم اچھا کروگے		٢
جو کچھ تم چاہتے ہو بعد اوسکے تم حاصل کروگے		٣
ایسے بدقسمت ہو خدا سے دعا مانگو اور کوشش کرو ایمان اور نکی		٤
تم خواہشین ایک دوست کے وسیلہ سے حاصل کروگے		٥
تمہارے دشمن تمکو برباد اور ناخوش کرنیکے کوشش کر رہے ہین		٦
ایک دشمن تمکو مفلسی مین لانے کی کوشش کر رہا ہے		٧
قیدیون کو رنج اور اندیشہ بہت ہین اور اونکا رہا ہونا غیر معلوم		٨
صبر جلدی ہو جاویگا اور وہان کچھ خطرہ نہین		٩
اوسکے ایک لڑکی پیدا ہوگی مانکی عزت کیجاویگی اور بندگی		١٠
تمہارا شریک شوق مین ہی برائی کرے جو کہ ذلیل کیا جاویگا اپنی دشمن		١١
اس شادی سے تم مفلس ہو جاؤگے اسلیے مت کرو		١٢
یہ اخلاص تمہارے لیے جھوٹا ہی اور اور ونکے لیے سچا ہے		١٣
اپنے سفر کو معطل کرو کیونکہ تمہارے لیے وہ خوفناک ہوگا		١٤
یہ آدمی صاف اور سچا ہے اور خواہشمند ہے		١٥
تمکو چوری گیا ہوا مال نہین ملیگا		١٦

		ف
۱		بچانے سے تم اپنا مال پھر حاصل کروگے
۲		یہ اجنبی کی طاقت ہی باہر مین لوٹانیکو
۳		تم فائدہ مند ہوگے اور کامیاب ہوگے اب عجلت مانگو
۴		ایک بہت ہی دولت تمہارے واسطے مقرر کی گئی جسکے لیے تم مالک ہو
۵		تمہاری کامیابی کے لیے بڑا ارادہ کا ہولے ہے
۶		تمہاری خواہشین سب بے فائدہ ہین
۷		غم اور خطرہ تمہارے سامنے
۸		آج دن برا ہے اسلیے اپنے ارادونکو معطل کرو
۹		قیدی چھوڑ دیا جاویگا آزادی اور آزادی کو
۱۰		صبر کا حصول نیک ہے
۱۱		اوسکے ایک نہایت خوبصورت لڑکا ہوگا
۱۲		ایک دولتمند اور لیئق آدمی ہے
۱۳		تمہارا ارادہ اور آرام صلح ہوجاوے
۱۴		یہ محبت صاف دوستی سے ہے اسے مت چھوڑو
۱۵		سفر کیسے تم پچھتاؤگے نہین
۱۶		اگر تم اس دوست کا اعتقاد کروگے تو غمگین ہوگے

	ل	
۱		یہ دوست بڑھتا ہے ہر ایک طریقے مین
۲		تم اپنے نقصان کو مضبوط ہوکر برداشت کرو
۳		مسافر بے امید لوٹے گا
۴		اپنے گھر رہو اپنے دوستونکے ساتھ تم کنجتی سے بچوگے
۵		اپنے ارادو نہین کچھ فائدہ نہین اوٹھاوگے تم
۶		خدا تمکو برکت دیگا
۷		نہین ہے
۸		تم اپنے دشمنونکی طاقت سے مشکل سے نکلوگے
۹		برائی منتظر ہے پھر تم مشکل سے بچوگے
۱۰		قیدی موت کے لیے چھوٹ جاویگا
۱۱		خدا کی برکت سے صبر ملے گا
۱۲		ایک لڑکی لیکن بہت عجب مزاج کی ہے
۱۳		تمکو ایک ایماندار جوان خوبصورت شریک ملیگا
۱۴		اس شادیکو چھوڑدو ورنہ غم ملیگا
۱۵		محبت چھوڑدو
۱۶		ایک چھوٹے سفر کے لیے تیار کرو تم پھر ملا جاؤگے خواہش سے

نمبر	شکل	جواب
۱		سفر کرو اور جہاں تک تمہاری خواہش ہو گی پوری ہوگے
۲		تمہارا دغاباز دوست تم سے بالکل نفرت کرتا ہے
۳		مال ملنے کی امید بیفائدہ ہے
۴		ایک کام مسافر کے ابھی لوٹنے سے روکتا ہے
۵		تم اپنی دولت بہت پاؤ گے
۶		اس ارادے کو چھوڑ دو تم بہت اچھا پاؤ گے
۷		بیفائدہ امید ہے تم کامیاب نہیں ہوگے
۸		اپنی مراد پاؤ گے
۹		آج تمہارا نصیب اچھا ہو جاوے گا
۱۰		خوش ہو قسمت اچھی ہے
۱۱		بعد بڑی قید کے وہ چھوٹ جاویگا
۱۲		بیمار اچھا ہو جاوے گا
۱۳		ایک تندرست لڑکا پیدا ہوگا
۱۴		تمہاری شادی جلد ہو جاوے گی
۱۵		خوش ہونا چاہو تو اس سے شادی مت کرو
۱۶		یہ اچھی محبت مرنے وقت تک رہے گی

ج

۱		یہ ایک اچھی محبت ہے بڑی عزت ہے
۲		بے فائدہ سفر کرتے ہو
۳		جیسا اپنے دوستوں کو چاہتے ہو ویسا ہی ہے
۴		تم ایک حرامزادے آدمی سے چوری گیا مال پاؤ گے
۵		مسافر خوشی سے جلد لوٹ آویگا
۶		تم عجیب طور کو نہیں کامیاب یا قسمت ور نہیں ہو گی
۷		اپنا اسیر کو جو سب کا سونا چاہنے والا ہے
۸		تمہاری دولت کمبختی میں کم جاویگی
۹		جیسا چاہتے ہو ویسا ہی پاؤ گے
۱۰		بدقسمتی جو کہ والی ہے اوسکی جاویگی
۱۱		اپنے دشمنوں سے جو کہ تمہیں نقصان میں ڈالنا چاہتے ہیں ہوشیار رہو
۱۲		بعد ایک تھوڑی مدیر کے تمہاری تدبیر قیدیکی لیے آرام ہوگا
۱۳		خدا صبر اور تندرستی اور طاقت دیگا
۱۴		اوسکے ایک نہایت خوبصورت لڑکی پیدا ہوگی
۱۵		تمہاری اوس سے شادی ہو جس سے کہ تمکو تھوڑا آرام ملیگا
۱۶		شادی تمہاری امید کا جواب نہیں دیگی

ک ۱۷

نمبر	شکل	حکم
۱		بعد بڑی بدبختی کے تمکو آرام اور خوشی ملے گی
۲		اور صاف محبت سچی دل سے ہے
۳		تم اپنے سفر مین کامیاب ہوگے
۴		اوس شخص کی دوستی کا بہروسا مت کرو
۵		مال تو کہو گیا لیکن چور کو منزلے ملے گی
۶		مسافر تیرا بہت دنون تک چہپا رہے گا
۷		تمکو قسمت اور خوشی اس غیر ملک مین ملیگا
۸		تم کامیاب نہین ہوگے
۹		تم اپنی تدبیر مین کامیاب ہوگے
۱۰		اپنے ارادون کو بدلو اچہا کروگے
۱۱		وہان اب حرامزادے ہین
۱۲		اپنے حاجتون کو ہلالو کم فرحت ہوگی
۱۳		قیدی چہوٹ جاوے گا
۱۴		اس جا سے صبر جدا ہوگا
۱۵		اوسکے لڑکا ہوگا
۱۶		شریک سے ملنا مشکل ہوگا

		م	
۱		ایک لڑکا دولتمند معزز پیدا ہوگا	
۲		تمکو ایک شریک ایسا نہ بڑی تدبیرون اور روپیہ کے ملے گا	
۳		شادی کامیاب ہوگی	
۴		وہ چاہتی ہے تمہارا ہونے کو اس لمحہ مین	
۵		تمہارا سفر ثابت ہوگا تمہارے کار مین	
۶		اس آدمی سے بہت بھروسا مت کرو	
۷		تمکو اس وقت مین کوئی مال نہین ملے گا	
۸		مسافر کا لوٹنا واپس کیا گیا ہے بیشک اوسکے چال چلن سے	
۹		تمہاری خواہشین کامیاب ہونگی ان عمر تو نہین	
۱۰		فائدہ کی امید بیفائدہ ہے	
۱۱		اپنے امید کی بہ نسبت زیادہ قسمت ور ہوگی	
۱۲		اپنی خواہشین تم جلد حاصل کروگے	
۱۳		تم اوس شادی کے لیے پوچھے جاوگے	
۱۴		بدقسمتی سے شکوہ کرنے کا کوئی موقع نہین ہے	
۱۵		کوئی رحم کھاکر قیدی کو چھوڑا دیگا	
۱۶		صبر حاصل کرو کہ بدقسمتی ہے	

		و
۱		قیدی خوش ہو کر چھوٹیگا
۲		صبر کا حاصل کرنا بیشک ہے
۳		اوسکے ایک لڑکا پیدا ہوگا اوسکی بڑی عمر ہوگی
۴		تمکو ایک شریک ملیگا
۵		آج صبح کو دریست کرو تمکو خوشی ملیگی
۶		اس دنیا مین ہر کوئی تمسے محبت کرتا ہے
۷		تم ایک قیدی کے پاس جاؤ
۸		ایک دوست نہین بلکہ بجا دشمن ہے
۹		تم جلد پاؤگے جو کچھ کہ چوری گیا ہے
۱۰		اب مسافر نہین آوے گا
۱۱		ایک امیر عورت جلد تمکو زیادہ دولت دیگی
۱۲		تم فریب دیئے جاؤگے اپنے فائدہ سے
۱۳		تمہاری کمبختیان دور ہونگی اور تم خوش ہوگے
۱۴		تمہاری اور دولت چمکتی ہے
۱۵		جو کچھ کہ تم جلد سنوگے ایک رضامند خبر ہے
۱۶		وہان بدبختیان ہین جو کہ تمکو دباتے ہین

ب

۱		آج کے دن تم بہت خوش ہوگے
۲		قیدی اپنے دشمنوں کو چھوڑ دیگا
۳		صبر حاصل ہوگا اور مدت تک رہیگا
۴		اوسکے دو لڑکیاں ہونگی
۵		ایک دولتمند آدمی تمہارا شریک ہوگا
۶		جلد شادی کرو اس سے بہت خوشی ہوگی
۷		یہ آدمی تمکو بہت محبت کرتا ہے
۸		تم گھر سے کامیاب نہیں ہوگے
۹		یہ دولت بہت قیمتی ہے بہ نسبت سونے کے
۱۰		تم اپنا اسباب کبھی نہیں پاؤگے
۱۱		وہ بہت بیمار ہے اور نہیں آسکتا ہے
۱۲		اپنی محنت پر بھروسا کرو اور گھر پر رہو
۱۳		خوش رہو مقسوم پر یعنے جو کہ سفر کیا گیا ہی تمہارے لیے
۱۴		اپنی اچھی قسمت پر بہت بھروسا مت کرو
۱۵		جو چاہتے ہو عطا ہوگا
۱۶		آج خوب ہوشیار رہو شاید اتفاق پڑے

ق

١		بہت خوش اور خوشی درمیان دوستوں کے
٢		آج کا دن بہت قسمت ور نہیں ارادہ واپس کرو
٣		اوسکو اب عزت ملیگی اگرچہ وہ تکلیف اوٹھاتا ہے
٤		حاصل کرنا بہتر ہو اگرچہ اب وہ تیار کرتا ہے زیادہ سفر رہیگا
٥		اوسکے ایک لڑکا ہوگا جو کہ بہت تیار گریگا
٦		ایک دولتمند شریک لیکن خراب مزاج کا
٧		اس شخص سے شادی کرنیسے تم اپنی خوشیاں گراوگے
٨		آدمی تم سے بہت محبت کرتا ہی لیکن پوشیدہ کرنا چاہتا ہے
٩		تم خفیف سفر کئے جاؤ
١٠		اوسکے اوپر بھروسا مت کرو وہ سچا نہیں اور فریبی بشر ہے
١١		ایک بڑی شادی طریقے میں تم اپنا مال حاصل کروگے
١٢		مسافر جلد نہیں آوے گا
١٣		تم غیر ملکوں میں خوشی سے رہوگے
١٤		اگر تم اچھی طرح سے کام کروگے تو تم کامیاب ہوگے
١٥		تم قائم ابھی ہوگے شان و شوکت اور خوشی میں
١٦		اپنے تئیں صابر بناؤ حال کی دولت سے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہر جنبش کی قیل و قال تعریفون مین اوس مالک الملک کو سزاوار زیبا ہین کہ
جسنے سفال خاک بود ار کو اپنی افضال لایزال سے ریحان کیا اور اس گیتی
کہن فلکان مین ہزاران ہزار خوشبو اپنی محبوب سراسر مرغوب سے معطر
و معنبر فرمایا اور اوسکی آل باکمال کی کوشش و سعی سے جملہ عالم مین خار
کفر و خس ضلالت بہار سو رنگا رنگ کی بہار سے دیکھنے والونکو گل ظاہر و
باطن مین شگفتہ کیا آب بس حمد و نعت کے محمد عزیز حسین فلدر باسے مائدۂ
ارباب حال نو و کہن خدمت اہل دانش شگون فن مین عرض کرتا ہے کہ
میرے پھوپھا جناب میر خدا بخش صاحب مرحوم اس شہر لکھنؤ مین علم رمل مین
کمال رکھتے تھے کہ تمام شہر مین جسقدر رمال باکمال تھے اونہین مرحوم سے
علم رمل حاصل کیا تھا چنانچہ چند اوراق رمل نہایت سہل و عبارت سلیس بزبان فارسی
رائج کتب سابقہ مرحوم سے برآمد ہوے تقریبًا و تذکرۃً صاحب مظہر جود
و کرم قدر شناس ارباب دانش و تمیز شیخ عبد العزیز صاحب تاجران
نامدار اس دیار کے ہین خواستگار ہوے کہ ان اوراق کا ترجمہ اردو زبان مین صاف صاف
کہ عام فہم ہوا اور ہر کس و ناکس کو فائدہ بخشے توجہ دلی کر دیجیے تو آپکا اور میرا
نام تا قیام قیامت رہیگا الغرض بموجب الامر فوق الادب کمر ہمت چست باندہی
اور چونکہ اوراق کم تھے بعنایت ایزدی اور اعانت سرمدی بزرگان
عرصہ چند یوم مین ترجمہ کیا اور شیخ صاحب ممدوح الالقاب نے زیر طبع لاکر ان اوراق

کولباس رواج سے زیبائی دی لہذا کوئی صاحب بلا اجازت شیخ صاحب موصوف قصد طبع نفرمائین کیا فائدہ کہ عوض نفع کے نقصان اوٹھائین

فالنامہ حضرت یحییٰ منیری

ترکیب اسکی دیکھنے کی اسطرح پر ہے کہ پہلے وضو کرے اور پاک و صاف ہوکر دس مرتبہ درود اوپر روح پر فتوح حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بھیجے بعد ازان جس کام کے لئیے دیکھنا منظور ہوا وسکو دلمین خیال کرے اور ایک سانسمین ایک پرچہ کاغذ پر تین قطارین الف کی اسطرح پر کھینچے ااااااا اور تین تین تینون قطارونمین سے طرح کرتے بعد ازان جو کچہ باقی رہجائین اونکو یکجا کرے اور اس تفصیل مین نظر کرے جو کچہ مقصد ہوگا بر آئیگا اسطرح کا شک دلمین نلاے

جو من منسا کیو سو ہوی ۱۲۲	بن او کتا رہو گا ستی ۱۳۱	جو کچھ آس تمہارے ہی سو ہوجیگی ۱۳۳
ابہین جو ٹلا دکرم لاگی بات ۱۱۱	ناہین ابہی ناہین	ناہین ہو دیگا اور کام کرہو
ابہی ناہین بیٹہ رہو جاے	ابہی ناہین ہو تہالی	جو من مانگو منسا کیو پوجے
پہر پورہم کتنہ راج بات ہو	اب کہو چینتا نہین جا پہر	راج پات اٹل ہے تم کہنت
جو منسا کیو سو پوجیگے	بر ہی دن گئی اب سکہہ پاؤ	جو من ہو سو پوچھین برس
ناہین کتنو کرو کرم لاگے بات ہے	آس تہاری پوجیگے	جو من چیتا ہوے ابہی نہ ہوے
پہر پورا و سدہ ہوا	ستین ہو جن او کتاو ۲۲۱	آس تہاری پوجی چینتا مت کرو
کاجیت ولاو آس تہاری پوجگی	ابہی ناہین ستاو جن او کتاو	ابہی ورکام مت ستاو
اپنے برسے دن گئے سکہہ پاؤ	تم کتنو کرو کرم لی بات ہے	ابہی ناہین اگے ہوئیگا

ایضاً دریافت حال حمل مین حاملہ سے کہے کہ انگلی اپنی اس برج مین جو ستارے لکھی ہین اونمین سے جس ستارہ پر چاہے رکھے اور دریافت کرنے والا دیکھتا رہے کہ کس ستارے پر انگلی رکھی اگر شمس اور مشتری اور مریخ پر رکھے تو قدرت خدا سے امید ہے کہ فرزند تولد ہو اور اگر قمر اور عطارد اور زہرہ پر رکھے تو لڑکی تولد ہو اور اگر زحل پر رکھینگے تو حمل مین خلل پڑ جائیگا بارہا تجربہ کیا ہے برج مذکور یہ ہے

مشتری

ایضاً واسطے دریافت بیماری کے چاہیئے کہ ایک رکابی گلی آب نادیدہ لیکر اوس پر اس نقش کو لکھے

اا ح ااا د ع ۲ ۴ اا ح ۴ د ع اااا

اور آگ مین خوب طرح سرخ کرے بعد ازان نکالکر دیکھے اگر حرف سرخ ہوگئے ہون تو جانے کہ کسی نے سحر کیا ہے اور جو سفید ہو جائین تو خیال کرے کہ آسیب ہے اور اگر حرف غائب ہو جائین تو جانے کہ بدنظری ہے اور اگر سیاہ ہو جائین تو مرض بدنی تصور کرے پس موافق اسکے علاج کرے کبھی خلاف نہوگا ایضاً واسطے دریافت جواب و سوال غائب کے بسیار مجرب ہے اگر کوئی سوال کرے کہ فلان شخص کہان ہے یا کیسا ہے یا کب آویگا یا کچھ بھیجیگا یا نہ بھیجیگا پس اوس سے کہو کہ انگلی اپنی اس نقش کے جس عدد مین چاہے رکھے اور دیکھنے والا خیال رکھے کہ کس عدد پر اوسنے انگلی رکھی اور موافق اس رباعی کے جواب دے

٧٨٧ رباعی مذکور یہ ہے اندر شش و چہار غایب آید ناگاہ
باشد بہ پنج و یکے اندر راہ + ور ہفت
و سوم بفرستد چیزے + ور ہشت
و نہ و دو وصل وار دگاہ + + + +

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

ایضاً دریافت حال نیک و بد مین

ترکیب اسکی اسطرح پر ہے کہ روغن گاو کو چاولون مین ملا کے تین لقمہ بنائی اور
تینون کے یہ تین نام رکھے اول ستور دوم اسپ سوم فیل اور تینون
لقمون کو کوے کے آگے رکھے اگر زاغ نام ستور کو کھا جاوے
تو جانے کہ یہ کام بخوبی سرانجام ہوگا اور اگر لقمہ اسپ نام کو کھا جاوے تو
دلیل اور بشر کے ہے اور اگر لقمہ فیل نام کو کھا جاوے تو دلیل جاہ و شان
اور بزرگی کی ہے **ایضاً دریافت** حال نیک و بد مین بطریق مذکور تین لقمہ
بنائے اور تینون کے یہ تین نام رکھے اول شالی دوم گل سوم انگشت
اور کوے کے روبرو رکھے اگر کوا شالی نام کو کھا جاوے تو دلالت
طرف نیکی کے ہے اور اگر گل نام کو کھا جاوے تو دلالت طرف رنج
کے ہے اور اگر انگشت نام کو کھا جاوے تو جس کام کو کرے بیشک
حاصل ہو **ایضاً دریافت حال زراعت مین** بطریق مذکور تین لقمہ بنائے
ایک کا نام شالی اور دوسرے کا جفت یعنی قلبہ اور تیسرے کا آب رکھو
اگر زاغ لقمہ شالی نام کو کھا جاوے زراعت اچھی ہو اور اگر لقمہ قلبہ نام کو
کھا جاوے تو زراعت مین خرابی واقع ہو اور اگر لقمہ آب نام کو کھا جاوے

تو بھی فائدہ حاصل ہو ایضاً واسطے دریافت کرنے حال اپنی کے کہ کس طرح ہوگا
اور کیسا ہوگا بدستور تین لقمہ بنائے ایک کا نام بیچ اور دوسرے کا نام سنگ
تیسرے کا انگشت رکھے اگر زاغ لقمہ بیچ نام کو کھا جاوے تو اچھا ہے اور
اگر سنگ نام کو کھاوے تو بد ہے اور اگر انگشت نام کو کھاوے تو
بدشواری کام حاصل ہو ایضاً دریافت حال اوس شخص مین جو کہ پوشیدہ
نکل جاوے بدستور تین لقمہ بناوے ایک کا نام مرد دوسرے کا نام
زن تیسرے کا نام انگشت رکھے اگر زاغ لقمہ مرد نام کو کھا جاوے تو
غائب جلدی چلا آوے اور اگر نام زن کو کھا جاوے تو غائب سمجھے کہ جہاں ہے وہان سے
اور آگے چلا جاوے اور ردۃ العمر نہ آئے اور اگر لقمہ نام انگشت کو کھا جاوے
تو جاننا چاہیے کہ غائب فوت ہو گیا ایضاً دریافت کرنے اس امر مین
کہ طرفین سے کسکو ظفر حاصل ہوگی بدستور تین لقمہ بناوے ایک کا نام فیل اور
دوسرے کا نام شیر اور تیسرے کا نام خر رکھے اگر زاغ لقمہ شیر نام کو کھا جاوے تو
فتح حاصل ہو اگر لقمہ فیل نام کو کھا جاوے تو شادمانے اور رامینی حاصل ہو اگر
لقمہ نام خر کا کھا جاوے تو شکست اینجانب کی ہو ایضاً دریافت کرنے حال
حاملہ مین کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی بدستور تین لقمہ بناوے ایک کا نام فیل دوسرے
کا نام بیل تیسرے کا نام انگشت رکھے اگر زاغ لقمہ نام فیل کو کھا جاوے
تو پسر پیدا ہو اور اگر بیل نام کو کھا جاوے تو دختر پیدا ہو اور اگر انگشت
نام کو کھا جاوے تو دلیل ساقط ہونے حمل کی ہے مگر حاملہ کو ضرر نہ ہوگا
ایضاً چاہیے کہ بصدق دل باوضو ہو کر ایک سانس مین چار سطرین

نقطہاے بے تعداد کی ایک پرچہ کاغذ سفید پر کھینچ بعد ازان اول سے آخر تک سات سات نقطہ قطع کرے اس صورت پر

پس جسقدر کہ باقی رہین صاحب فال مدعا اپنا اس نظم مندرجۂ ذیل سے معلوم کرے نظم یکے گر برآید بود آفتاب + بیابی از و شادی فتح یاب + دو گر ماندہ باشے شناسی قمر + بود کارہا جملہ با زیب و فر + سہ گر ماند مریخ او در کشود + ازان کار بہتر باید نمود + چہارم عطارد چو آری بیاد + خطر باشد اما بیاید مراد + چو پنجم برآید بود مشترے + بیابی از و شادی بر تری + ششش ار ماندہ زہرہ است اندر شمار + بود وصلت شادی بیشمار + چو ہفتم بماند بود و زان زحل + نباشد دران کار الا خلل + ایضاً برائے دریافت سفر و تعین چہ کو ــــ لئے شخص کسی امیر وغیرہ کے دربار مین جانا چاہتے یا سفر کرنا منظور ہو تو وقت روانہ ہونے کے ان اشعار مندرجہ کے موافق تعمیل کرے ؎ چون مسافر شوی بجلوہ گری + اینکہ گویم ہفت روزہ خوری + روز شنبہ اگر خوری سا ـــ ئے + زود یابی ہرانچہ میخواہی برگ تنبول روز یکشنبہ + گر خوری باشدت مبارک وے + در دوشنبہ چو آئینہ بینی + روے دولت ہر آئینہ بینی + روز سہ شنبہ گر خوری کشنیز +

از سقنقا سلت شود بهمه چیز + چارشنبه اگر خوری جعفرات + یابی از کلفت زمانه نجات بخشنبه خوری چو قند سیاه + دست خود را نشے بدولت و جاه + روز جمعه آنچه خواهی خور + دامنش خوش کنی ز دولت بر + گر کنی زینهمه ز دانائی + بسلامت روی و باز آئی + فقط

فالنامہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ

سمجھنا چاہیے کہ چوب انار لیکر چار پہلو کا قرعہ بنائے اور ہر ایک پہلو پر حروف ابجد لکھے یعنی الف بے جیم دال اور اوس قرعہ کو لیکر تین مرتبہ کا [illegible] پھینکے جس پہلو پر گرے اوس حرف کو علیحدہ تحریر کرے یا اون حروف کو یاد رکھے اور جو حروف تین بار کے پھینکنے سے برآمد ہوئے ہیں اونکو عبارت تحت ذیل میں دیکھے جو مطلب نیک و بد ہوگا وہ صاف معلوم ہو جائیگا بحولہ تعالی و قوتہ زیادہ اللہ حکیم و دانا ہے نیک اور بد کا پیدا اور قادر ہے اچھے اور برے کا

حروف قرعہ	عبارت فال
ااا	حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اے فال دیکھنے والے فال تیری نیک ہے حق تعالی کا شکر بجا لائیگا اور کیا اسکو عبداللہ بن عباس مبارک
اب	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے فال دیکھنے والے جو کچھ دشمن تجھسے بات کہتا ہے اوس پر اعتماد مت کر اور الیاس پیغمبر کہتے ہیں اس کام میں تعجیل کر
اج ا	حضرت امام جعفر صادق رض سے منقول ہے کہ اے صاحب فال کسیطرح کا اندیشہ مت کر دل مضبوط رکہ اللہ تعالی تیرا نگہبان ہے جسجگہ کہ تو جائیگا مقصد دلی پائیگا
د ا د	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ خداوند فال فال تیری اسطرح ہے کہ خدا پر توکل رکہ اور چند روز صبر کر والا جس کام کو کہ کریگا نفع نہ حاصل ہوگا —
د ا ب	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے خداوند فال توکل خدا پر رکہہ اور چند روز

	هیں اور گرد دشمن تیرے قوی ہیں اور تجہہ سے حسد کرتے ہیں اونپر نہ جا کہ تو انکا مدد کہ
۱۲ ج	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے فال دیکہنے والی دن بدن تیری لئے ابد سے دولت اور آرام مین بسر ہوگی گھیرا مت
اب ب	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اے صاحب فال خصومت سے پرہیز کر اور عورتکی کہنے پر عمل مت کر ورنہ خراب ہوگا یہ ناقص العقل ہیں
اج ج	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اے فال کے دیکہنے والے دل خوش رکہہ کہ روزی تیری کشادہ ہوئے
ا د ۲	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اے صاحب فال تجہکو مبارک ہو کیونکہ اللہ تعالی نے دروازہ روزی تیرے لئے کہولا یہ شک زیادہ سے زیادہ ملیگا
۲ د د	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہین کہ اس کار سے دست بردار ہو اور فقیرونکو صدقہ دے تو خدا تعالی تیری مدد کرے اور کار تیرا ساتھ آسانی کے صلاح پائیگا
۲ ب ۲	حضرت امام جعفر صادق رضی فرماتے ہین کہ ای خداوند فال دروازہ دولت و نعمت تجہپر اللہ تعالی نے مفتوح کیا خوش ہو اور اوس کا شکر بجالا۔
۲ ب د	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ کار تیرا نیک ہوگا۔
اج ب	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اے خداوند فال اللہ تعالی تیرا مددگار ہے حاجت تیری بہت جلد بر لائیگا۔
اب ج	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ ای خداوند فال شاد ہو
	کہ کار تیرے خاطر خواہ [illegible] ہونگے اور گم شدہ کی خبر ملیگی اور اگر بیماری رکہتا ہے تو بیماری تیری بہت جلد دفع ہوگی اور صحت پائیگا

اج د	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اے صاحب فال حق تعالے تجھکو عزیز کریگا اور روزی دیگا خوش ہو —
ا د ج	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اے خداوند فال غم مت کر کہ دن تیرے اچھے آئے یہہ سال تجکو ساتھہ مبارکی کے گذریگا اور مقصد دلی تیرے بر آئینگے —
ب ب ب	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اللہ تعالی تجھکو کافرون اور دشمنون اور حاسدون پہ فتح دیگا دل خوش رکھہ اب دن تیرے خوشی اور خورمی کے آئے —
ب ب ا	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اے صاحب فال اس کام مین صبر کر تو کام تیرا بر آوے تعجیل مت کر کہ نفع نہ حاصل ہوگا —
ب ب ج	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اے صاحب فال اس فال سے امید قوی رکھہ مطلب اور مراد تیری حاصل ہوگی —
ب ا ا	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اے صاحب فال خدا کی رحمت پہ نظر رکھہ تو حق تعالی امید ہین تیری بلائے نا امید مت ہو
ب ب ج	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین اے صاحب فال تجھکو فتح حاصل ہوگی اور سفر کرنا مبارک ہے حاجتین تیری بر آئینگی —
ب د د	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اے صاحب فال اس کام سے پرہیز کر تو بہتر ہے —
ب ا ج	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اے خداوند فال حق تعالے

	تجکو عزیز کریگا اور روزی دیگا —
ب ج ا	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ خداوند فال یہ کام بد ہے مگر کر تا خدا تعالی تجسے اس بلا کو دور کرے اور سمجھا جون کہ صدقہ دے تو یہ بلا تجسے دور ہو —
ب ا د	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اے صاحب فال یہ کام بد ہے مت کر والا پشیمان ہوگا —
ب د ا	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اس کام کو زنہار زنہار مت کر اگر کریگا ذلیل ہوگا —
ب ا ب	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ جسقدر تو رنج کھینچیگا او مقصد گنج پائے گا —
ب ج ب	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ تجکو لایق ہے کہ اپنے دشمن کے خاطر اور مدارات کر تو ظفر پائے —
ب د ب	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اللہ تعالی اوپر تیرے در رحمت کشادہ کریگا جو کچھ کہ تمنا رکھتا ہے حاصل ہوگی —
ب ج ج	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اسکام مین محنت کرنا بیفایدہ ہے صبر کر اور اس کام سے دست بردار ہو والا بلا مین گرفتار ہوگا —
ب ج د	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اس کام سے پرہیز کر والا رنج اوٹھائیگا —

ج ۲ ب	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ یہ کام کوشش سے حاصل ہوگا جہانتک ہو سکے کوشش کر بموجب السعی منی والاتمام من اللہ
ج ۲ ج	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین اے خداوند فال ہوشیار ہو صلاح ہو رتین ہر کام نکر اور دشمن سے غافل مت رہ چند روز صبر کر ورنہ بلا مین مبتلا ہوگا —
ج ب ۲	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ دوستون سے دوستی کر کہ جمیع بلا سے پناہ مین رہیگا یہ فال واسطے تیرے نیک ہے —
ج ب د	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اے خداوند فال رحمت خدا سے ناامید مت ہو اور اندیشہ کو دل سے دور کر مراد [illegible]
ج د ۲	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہین کہ فال تیری نیک ہے اس کام مین مانند آفتاب کے روشنی پکڑیگا اور بہت خوش ہوگا —
ج ۲ د	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ تجھکو فتح اور نصرت حاصل ہوگی
ج ج ج	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ بشارت ہو تجھکو کہ سلامت رہیگا تو اور ہر طرح کی خوشیان حاصل ہونگی —
ب د ج	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین کہ اس کام سے اندیشہ مت کر دولت و عشرت حاصل ہوگی —
ج ب ج	حضرت امام جعفر صادق رضؓ فرماتے ہین اے صاحب فال اندیشہ مند مت ہو کہ اللہ تعالیٰ روزی تیری کشادہ کی —
د ب ج	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہین کہ اے صاحب فال خوش ہو

	کہ عوض غم کے شادی حاصل ہوگی طالع تیرا نحس تھا مگر اب سعد ہو
ج ج ب	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ کار تیرا بر آئیگا اور مراد تیری حاصل ہوگی خاطر جمع رکھہ —
ج ج ا	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے صاحب فال تو محنت ناحق کرتا ہے کچھ فائدہ حاصل نہوگا اور اگر عزم سفر کا رکھتا ہے تو یہ بھی خوب نہین ہے اس سے درگذر —
ج ج د	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین اے خداوند فال یہ کار بد ہے کچھ فائدہ نہوگا —
ج د ب	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہین کہ اے صاحب فال طالع تیرا بد نہین ہے کار تیرا بہتر ہوگا —
ج د ج	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ چند روز صبر کر تعجیل مت کر اور استغفار پڑھ تاکہ دشمن تیرا مقہور ہو —
ج ا ا	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے خداوند فال اس کام کرنے سے باز آ ورنہ سخت پشیمان ہوگا —
ج ب ب	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے صاحب فال یہ کام مشکل نہایت بد ہے —
د د د	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے خداوند فال دشمنوں پر فتح پائیگا اور اگر طلب زر کی کرتا ہے وہ بھی خدا سے عز و جل بہت جلد بر لائیگا گھبرا مت —

د د ب	حضرت امام جعفر صادق رضہ فرماتے ہین کہ اے صاحب فال دل خوش رکھہ کار تیرے حاصل ہونگے اور عبادت خدا مین مشغول رہ تو مطلب تیرے بہت جلد انجام کو پہونچین —
۲۲ ج	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے صاحب فال یہ نیت کہ تو رکھتا ہے ہرگز مت کر جو کچھ کہ خدا تعالی نے تجھکو دیا ہے اوس پر قناعت کر زیادہ اس سے ہوس مت کر —
د د ا	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے صاحب فال دولت تیرے نزدیک ہے اور اگر ارادہ سفر کا ہے تو بہت خوب ہے —
د ب ب	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے صاحب فال جس کام کا کہ تو نے ارادہ کیا ہے اسمین فائدہ نہو گا آیندہ تجھے اختیار ہے
د د ب	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ یہ فال نہایت بد ہے فعل شر سے درگذر —
د ج ج	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ جو امید کہ تو رکھتا ہے سبخوبی بر آئیگی خاطر جمع رکھہ
ا ب د	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے صاحب فال یہہ فال مبارک ہے شادی اور فراغت دیکھیگا —
د ا د	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین اے خداوند فال صبر کرو الا پشیمان ہوگا —

د ۲ ب	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین اے خداوند فال بھیدنیت کرنوالے کی سب سے بہت خوب ہے سفر و خرید و فروخت سب سے بہتر
د ا ج	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے خداوند فال نصیحت نصیحت کرنے والے پر عمل کر۔
د ب ا	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہین کہ اگر اس مکان مین جائیگا خوش رہیگا۔
د ج ا	حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہین کہ اے خداوند فال یہ فال نہایت خوب ہے اگر نکاح کریگا بہتر ہے فرزند صالح پائیگا۔
د ج ب	حضرت امام جعفر صادق رض فرماتے ہین کہ اے خداوند فال ناامید مت ہوجائے خوشی ہے کہ تمام کام تیرے بر آئینگے اور مطلب تیرے بفراغت حاصل ہونگے۔

فالنامہ از حروف تہجی قران

ترکیب اس فالنامہ کی یہہ ہے کہ غسل کرے اور وضو کرے نیت دو رکعت نماز حاجت کی کرے پہلی رکعت مین ایک مرتبہ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ لایلاف پڑہے اور دوسری مین ایک مرتبہ الحمد اور تین مرتبہ قل ہواللہ بعد ازان ایک مرتبہ التحیات اور تین مرتبہ درود پہر سلام پہیرے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم کہکے کلام مجید کہولے اور سات ورق اوسکے اولٹ کر پہر ساتوین سطر کے شروع مین دیکہے کہ کون حرف ہے جو الف ہو

تو جانے کہ یہ کام ساتھ خیر او ر صواب کے ہوگا او ر جو ب شروع مین ہو تو
دولت حاصل ہوا ور اگر شروع مین ت ہو تو صدقہ دے او ر جس کام کو کرنا
منظور ہوا وس سے دست بردار ہوا و ر استغفار پڑھے او ر اگر شروع
مین ث ہو تو جانے کہ یہ کام ساتھ نیک طور کے انجام پاویگا او ر مقصد
دلی حاصل ہوگا او ر جو ج شروع مین ہو تو خیال کرے کہ یہ کام بدقت حاصل
ہوگا و سعی مین سعے او ر کوشش کرے او ر جو شروع حرف ح ہو تو خیال
کرے کہ عزیز و اقربا سے عزت او ر نفع حاصل ہوگا او ر جو شروع حرف خ
ہو تو جس کام کو کہ کرنا چاہتا ہے اوس سے در گذرے او ر صدقہ دے کیونکہ
کچھ نفع نہ حاصل ہوگا او ر جو شروع حرف د ہو تو نیکبختی حاصل ہوا او ر جو آغاز
حرف ذ ہو تو کار ناقبل سے اجتناب کرے او ر جو آغاز ر ہو تو نیکی او ر
برکت کی نشانی ہے او ر جو آغاز حرف ز ہو تو خوشی حاصل ہوا و ر مقصد دلی
بخوبی ظہور مین آئین او ر جو آغاز حرف س ہو تو غم سے نجات پاوے او ر
سبدل بخوشی ہوا او ر جو آغاز حرف ش ہو تو سعادت مندی او ر بہبود واسطے
حاصل ہوا و ر مدد الٰہی شامل حال ہے او ر جو شروع حرف ص ہو تو
اوس کام سے پرہیز کرے او ر جو شروع حرف ض ہو تو جملہ کام حاصل
ہوا و ر اگر آغاز مین حرف ط ہو تو مراد دلی انجام پاوے او ر جو آغاز
حرف ظ ہو تو کلید جملہ کار کشادہ ہو او ر جو شروع حرف ع ہو تو
اوسکے دلمین ترحم او ر خدا ترسی پیدا ہوا و ر طرف حسنات او ر خیرات
کے رغبت کرے او ر جو شروع حرف غ ہو تو عوارض بدنی او ر کلفت

سبھی پریشانی سے نجات پاوے اور جملہ مشکلین اسکی آسان ہو اور سبب تبدیل
ہو جاوین اور جو شروع حرف ف ہو تو بیشمار کو کہ کرے او سمین نفع
حاصل ہوا اور جو شروع حرف ق ہو تو جب کسی شخص سے واسطے کسی
کام کے کہے وہ عمل مین لاوے اور جملہ حالات مین تسکین دلی اور فراغ البال
حاصل ہوا اور جملہ فکرون سے دور رہے اور جو شروع حرف ک ہو تو جملہ
مین حاصل ہوں اور جو آغاز حرف ل ہو تو سلطنت اور دولت اسکے ہاتھ آوے اور جملہ
دشمنون پر فتحیاب ہوا اور جو آغاز حرف م ہو تو کار حرب سے اجتناب لازم
کیونکہ کچھ فائدہ حاصل نہوگا اور جو ن شروع مین ہو تو جملہ امراض سے شفا
پاویگا اور خورسندی حاصل ہوگی اور جو آغاز حرف و ہو تو تمام تفکرات سے
بے تیاری حاصل ہوا اور کار مشکل سے نجات پاوے اور اگر شروع
حرف ہ ہو تو جملہ کام انجام پذیر ہوں اور جو لا مقر اضی دکھائی دے
تو اندیشہ ملحقہ سے اطمینان پاوے اور کچھ نفع بھی وقوع مین آوے
اور جو یاے تحتانی آوے تو خورمی دکھاوے فقط واللہ اعلم بالصواب

فالنامہ در بیان دریافت کرنے چور کے

واسطے جاننے دزد کے ایک تختہ لکڑی کا چوکور لیکر ان اسمائے چار دن کو ہون
تختہ پر لکھے اور سب لوگون کو یکجا کرے اور چار چار آدمیون کو
اس تختہ کے چارون گوشون پر بٹھاوے اور پھر ان سے کہے
کہ اب اوٹھ کھڑے ہو جو شخص کہ چور رہیگا وہ تختہ پر سے نہ اوٹھ سکیگا
اور وہ تختہ اوسکے پیرون مین چمٹ جائیگا مجرب ہے اور وہ ہا

یہ ہین علاج ۱۸۱۸ لجے ۱۸۱۸ علاج ماہ ا ماہ ع

علاج اماہ لجے ۲۱۲۱۸ علاج ۲۱۲۱۸ علاج

ایضاً صاحب تفسیر کبیر نے سورۂ یٰس کے شان نزول مین لکھا ہے کہ اگر کسی شخص کا مال چوری جاوے اور وہ اسبات کو دریافت کرنا چاہے کہ کسنے چورایا ہے تو نو آدمیونکو خواہ زیادہ ہون ایکمقام پر بٹھا وے اور چاول قریب ایک ایک فلوس کے جسقدر آدمی ہون اونکو موافق لاکر رکھے اور اون آدمیون کے درمیان بیٹھکر سورۂ یٰس کو تا مبین پڑہے بعد ازان پھر شروع کرے یہانتک کہ تین مرتبہ مبین تک پڑہے اور اون چاولونکو سب آدمیونکو دے اور کہے کہ چباؤ جو شخص کہ چور ہوگا وہ چبالیگا اور اوسکے منہ سے خون نکلنے لگیگا پس جانیگا کہ وہی چور ہے مجرب ہے فقط ایضاً اسی سورہ کو بطور مذکور ایک تودہ مرچ سیاہ پر پڑہے بعد ازان اون مرچونکو ایک آبخورہ نو مین رکہے اور ان ناموںکو علیحدہ علیحدہ پرچون پر لکھکر ملفوف کرکے اوس آبخورہ مین ڈالدے اور وہ نام یہ ہین عیطموس ایکنوش اقلوش سیجلیوش غشفیوش جعلیش الہیر قمیر انتوس لجیب قاش ہلاش سالما ابتیک کلکی شل سے پیتاش فقط مگر ان اسما کی زکوۃ دینا ضرور ہے اور طریقہ زکات کا اسطرح پر ہے کہ باوضو ہوکر علیحدہ ایک گوشہ مین بیٹھکر گیارہ مرتبہ درود اول و گیارہ مرتبہ آخر اور بیرونی ہو پر فتوح آنحضرت کو بھیجے بعد ازان گیارہ سو ایک مرتبہ بہت صحت کے ساتھ کہ تا ہونین فرق نہونے پائے ان اسما کو پڑہے اور اوس روز مچھلی اور گوشت نہ کہاوے پہر اوس آبخورہ پر ڈالدے اور اوپرسے ایک کورہ دہانپدے لیکن جگہ وہ اسم طلبین اور دہوان اوسکا اندر سے

نکلے تو جو لوگ کہ جمع ہوں اونکی گردن کو خیال کرے کہ کس آدمی کے کپڑے جلنے پر
جس شخص کے کپڑے جلنے لگیں اوسکو چور تصور کرے اور فوراً اوسکو
پکڑے فقط مجرب ہے ہکذا سمعت من حضرت والدی واستادی واستاد
الانام حضرت مولانا سید محمد صادق علیصاحب مدظلہ العالی

ایضاً فالنامہ حضرت خواجہ حافظ شیراز رحمۃ اللہ علیہ

د	ب	ک	ح	د	د	ہ	د	ی	ا
ش	ا	ن	ی	ا	ب	ف	د	ی	ہ
ا	د	د	م	ل	ر	م	ی	ب	ی
ط	ن	ی	ن	ا	ب	ش	ف	ل	ا
ک	ا	ب	ت	ش	ل	ت	د	د	ا
و	ک	ی	ل	د	و	ب	ب	ر	ی
ہ	ت	ب	م	ر	ہ	ر	ج	ہ	ک
ش	د	و	ا	و	ا	ر	م	ہ	ب

جس کسیکو کہ اپنا حال خیر و شر معلوم کرنا منظور ہو تو بصدق دل اس باجی کو پڑھے
آنکہ از سر غیب گوید راز ٭ ہست دیوان حافظ شیراز ٭ حسب حال من شکستہ و زار
تا نچہ دانی بدہ ہی کار بار ٭ بعد ازان اس نقش میں جس خانہ پر چاہے اونگلی رکھی پھر اوس حرف
کو ایک جدا کاغذ پر علیحدہ لکھکر اوس خانہ سے چار خانہ گن کر چھوڑ دے اور پانچویں خانہ کا
حرف لکھے بعد ازان پھر چار خانہ چھوڑ دے اور پانچواں حرف لکھتا رہے جبکہ

نقش تمام ہوجاوے تو شروع خانہ سے اوس خانہ تک کہ جسپر اونگلی رکھی تھی
پانچ چار طرح کرتا جاوے اور پانچوان پانچوان لکھتا رہے اور جو حرف کہ
حاصل ہون اونکو حرف سابق سے اول لکھکر جمع کرے پس جو کہ حاصل ہو اوسکا
فال غیبی خیال کرے اشعار دیوان حافظ اول سے درین فال بشنیک بشوی
بہرہ ور + ولیکن بدشواری سخت تر + دوم سے برآید درین فال البتہ کام + ولیکن
بہت تردد تمام + سوم سے ترا کار نیکو میسر شود + کہ شاید مطالب تو در بر شود +
چہارم سے تو یابی درین فال مطلب فتاب + جواب ہمین بات گویم جواب فقط

ایضاً شگون جنبش تمامی اعضا کے بیان مین

بیان جنبش سر — اگر میانہ سر پھڑکے تو رنج و بلا دفع ہو اور مال ہاتھ آوے اگر گرد سر کے
پھڑکے تو شخص منعم سے کچھ مال ہاتھ آوے اگر دہنی طرف نصف سر پھڑکے تو
ساتھ نیکبختی کے سفر کرے اور اگر بائین طرف پھڑکے تو دولت و مال ہو
اور جو عقب سر کے دہنی طرف پھڑکے تو سفر کرے اور نعمت و زر حاصل
ہو اور اگر پیس سر بائین جانب کو پھڑکے تو سب بین اوسکو بزرگی حاصل ہو

بیان جنبش پیشانی — اگر درمیان پیشانی کے پھڑکن ہوئی تو سفر درپیش ہوگا اور وہان سے
مال و زر لیکر بآسانی تمام واپس آئیگا جو آدہی پیشانی بائین جانب پھڑکے تو
جو کچھ کہ اسکی قسمت مین لکھا ہے بہت جلد وقوع مین آئیگا اور اگر بائین

بیان جنبش ابرو و گوش — پیشانی نصف پھڑکے تو دولت حاصل ہو جیسکی کی کہ مین پھڑکے ہووہ رنج و
مصیبت مین گرفتار ہو اور جس شخص کے کہ دونون کان پھڑکین تو علامت
خوشی کی ہے اگر بانیا کان پھڑکے تو اوسکو اپنے گہر سے جدائی حاصل ہو

اگر نرمۂ گوش راست پھڑکے تو نقصان اوٹھاوے اگر نرمۂ گوش چپ
پھڑکے تو دولت ملے اگر سوراخ دہنے کان کا پھڑکے تو درمیان دوستوں
کے محبت اور اخلاص بڑھے اگر بائیں سوراخ پھڑکے تو رنج حاصل ہو
اگر عقب گوش راست پھڑکے تو لڑائی درپیش ہو مگر فتح حاصل ہو اگر عقب
گوش چپ پھڑکے تو دوستوں کے نزدیک اسکی محبت اور الفت زیادہ ہو
اگر دہنی بھون پھڑکے تو فرزند دلبند پیدا ہو اگر بائیں بھون پھڑکے بے نیازی
حاصل ہو اگر درمیان ابرون کے جنبش ہو تو لطف احباب سے شادمانی
حاصل ہو اگر پردۂ چشم راست پھڑکے فائدہ دکھاوے اگر بائیں آنکھ پتلی کی
جانب سے پھڑکے تو رنج اوٹھاوے اور عورت کے واسطے برعکس اسکے
سمجھنا چاہیے اگر اندرون چشم راست پھڑکے امن صحت اوسکو خطرہ سے
حاصل ہو اگر گوشۂ چشم راست پھڑکے عیش و عشرت حاصل ہو اگر گوشۂ چشم چپ پھڑکے تو عزت حاصل ہو اور
مال و دولت پر قبضہ پاوے اگر دونوں آنکھوں کے گوشے پھڑکیں تو ناتوان یا ضعیف ہو جاوے اگر دنبالۂ
چشم راست پھڑکے مال ہاتھ لگے اگر چشم چپ پھڑکے تو غم لاحق ہو اگر دہنی پلک اوپر کی طرف پھڑکے
تو مال و دولت ہاتھ آوے اگر دہنی پلک نیچے کیطرف پھڑکے تو رنج و بلا میں مبتلا کرے اور اگر بائیں
پلک اوپر کی جانب پھڑکے دشمن سے لڑائی درپیش ہو اگر بائیں پلک نیچے کی طرف پھڑکے عیش و عشرت حاصل
ہو اگر دہنی بھون اوپر کو پھڑکے تو کسی سے ملاقات حاصل ہو اگر دہنی مژگان نیچے کیطرف پھڑکے تو مال و دولت
ہاتھ آوے اگر اوپر کو پھڑکے تو دوست اوسکا باہر سے آکر اوس سے ملجائے اگر نیچے کیطرف
پھڑکے تو حاسد اوس سے حسد کرے اگر رخسارہ جانب راست پھڑکے
غم و اندوہ سے نجات ملے اگر بائیں طرف پھڑکے تو ندامت حاصل ہو

بیان جنبش بینی

اگر کسیکی ساری ناک پھڑکے غم واندوہ سے نجات ملے اگر استخوان ناک
پھڑکے تو رنج وغم سے نجات پاوے اگر بینی جانب راست پھڑکے
جنگ وفساد مین مبتلا کرے اگر بائین جانب جنبش کرے عیش وعشرت
حاصل ہو اگر سر بینی بطرف راست پھڑکے تو خبر رنج کی اوسکو سنائی
دیگی اگر بائین جانب پھڑکے خوشی حاصل ہو اگر دہنا نتھنا پھڑکے مطلب

بیان جنبش نتھنی

دلی حاصل ہو اگر بایان نتھنا پھڑکے بیماری سخت لاحق ہو اگر دہنا گوشہ
منہ کا پھڑکے تو دوست اسکا ایک مژدہ اسکو سنائے اگر بایان گوشہ پھڑکے
تو دولت پائے اگر سارا منہ پھڑکے تو اوسکو ساتھ نظم سخن کے کام

بیان جنبش لب

پڑے اگر اوپر کا ہونٹھ پھڑکے تو دشمنون پر غلبہ پاوے اگر نیچے کا
ہونٹھ پھڑکے کار دلی حاصل ہون اگر دونون ہونٹھ پھڑکین تو نعمت

بیان جنبش زبان و ٹھوڑی

بسیار حاصل ہو اگر کسی کی زبان پھڑکے شکست پاوے اگر کسیکی ٹھوڑی
پھڑکے شر وفساد مین مبتلا کرے بعد ازان فتح وظفر رو دکھائی اگر
دہنا دانت اوپر کے جانب پھڑکے فرزند نیک اختر پیدا ہو اگر بائین
جانب کے سب دانت ہلین مال حرام کی طرف راغب کرین اگر نیچے
کے دانت جانب راست سے پھڑکین عزت وشرف حاصل ہو اگر بائین

بیان جنبش حنجرہ و گردن

جانب سے پھڑکین مال ودولت حاصل ہو اگر کسیکا حنجرہ یعنی نرخرہ پھڑکے کہانا نصیب
نہین آئے اگر کسیکی ساری گردن پھڑکے فرزند حسین پیدا ہو اگر دہنی

بیان جنبش کندہا و بہونہا

جانب پھڑکے دولت حاصل ہو اگر بائین طرف پھڑکے تو مفلسی مین پڑے
اگر کسیکا دہنا کاندہا پھڑکے مال ودولت حاصل ہو اگر دوش پھڑکے تو کسی

کوئی ہتہیار ہاتہ آوے اگر کتف راست پہڑکے اقبال بڑہے اگر جانب پشت
پہڑکے تو جملہ کام سو نیز فتح حاصل ہو اگر بازوے راست پہڑکے بعد غم کے
خوشی رو دکہلاوے اگر جانب چپ پہڑکے تو کوئی چیز گم ہو جاوے اگر
ساعد راست پہڑکے تو بدخواہ اوسکا اوسکی بدی کرے اگر ساعد چپ
پہڑکے تو سلطنت پاوے اگر کسیکا دہنا ہاتہ پہڑکے مال دولت ملے
اگر بایان ہاتہ پہڑکے تو درمیان دوستون کے نیکبختی حاصل رہے
اگر کسیکی دہنی ہتیلی پہڑکے تو عزت و وقار حاصل ہو اگر بائین ہتیلی پہڑکے
رنج و محنت سے نکلے اگر کسیکا دہنا انگوٹھا پہڑکے جملہ کام اوسکے درست
ہون اگر اونگلی ہاتہ کی پہڑکے دشمن اوسکو دشنام دے اگر تیسرے
اونگلی پہڑکے شادی مین دخل کرے اور اگر چوتہی انگلی پہڑکے مال و نعمت
پاوے اگر چہنگلیا پہڑکے مہمان گہر مین آئے اگر میانہ اونگلی کو جنبش
ہو غم مین مبتلا کرے اگر چوتہی اونگلی پہڑکے سیم و زر ہاتہ آئے اگر انگشت
خورد راست و چپ پہڑکے لذت مال و دولت حاصل ہو اگر دہنی بغل پہڑکے
خوشی ہوا وے اگر بائین بغل پہڑکے تو نقصان ہو اگر شانہ جانب
راست پہڑکے تو کسی شخص اجنبی سے رنج پہونچے اگر جانب چپ
پہڑکے مال و نعمت پاوے اگر کسیکے ساری پیٹ پہڑکے کام اوسکے
بدشواری حاصل ہون اگر آدہی پیٹ جانب راست پہڑکے روزی
کشادہ ہو اگر جانب چپ آدہی پہڑکے لڑکے زیادہ تولد ہون لڑکیان
کم اگر سینہ پہڑکے کوئی عزیز سفر سے واپس آئے اگر داہنی جانب سے

پھڑکے رنج پہونچاوے اگر بائین جانب پھڑکے کام مشکل کرے و دکھلاوے اگر
کسیکا معدہ پھڑکے نقصان حاصل ہو اگر کسیکا دل پھڑکے غمگین کرے اگر کسیکا
پہلو دہنی جانب سے پھڑکے تو بہی غمگین کرے اگر بائین جانب پھڑکے
رنج و بلاسے ایمن کرے اگر کسیکا بایان تہیگاہ پھڑکے خوشی مین داخل
کرے اگر بائین جانب پھڑکے تو دولت حاصل ہو اگر کسیکی کمر پھڑکے تو غم سے نکلے
اگر کسیکا میان پشت پھڑکے رتبہ اوسکا برتر ہووے اگر داہنی چہاتی پھڑکے
تو سودا ہو جاوے اگر بائین چہاتی پھڑکے دولت و مال ہاتھہ آوے اگر کسیکی
ناف پھڑکے دولت حاصل ہو اگر بیچ سے پیٹ پھڑکے کہانے اچھی کہلاوے
اگر دہنی جانب سے پیٹ پھڑکے غم سے نجات پاوے اگر بائین جانب
پھڑکے عیش و عشرت حاصل ہو اگر سرین دہنی طرف کی نیچے سے پھڑکے تو خوشی
حاصل ہو اور اگر بائین طرف پھڑکے فرزند تولد ہو اگر کسیکی نشستگاہ پھڑکے
تو دولت اور خوشی حاصل ہو اگر کسیکی دہنی ران پھڑکے تو کار خیر اوسکے ہاتھ
سے پورا آوے اور اگر بائین جانب سے پھڑکے تو خوشی حاصل ہو اور اگر
دہنی ران اوپر سے پھڑکے تو خوشی حاصل ہو اور اگر بائین ران
اوپر سے پھڑکے تو شادی حاصل ہو اور اگر دہنی ران اندر سے پھڑکے
تو تمام عمر رنج و غم مین مبتلا رہے اگر دہنا زانو پھڑکے تو غم مین مبتلا کرے
اور اگر بایان زانو پھڑکے تو دشمن کو موت نصیب ہو اور مال و زر حاصل
ہو اور اگر زیر زانو سے راست پھڑکے تو دشمن اسکو بدی سے
یاد کرتا ہوگا اور اگر زانو نے چپ پھڑکے تو دشمن پر فتح ہو اگر کسیکی

بیان جنبش معدہ و دل و پہلو

بیان جنبش تہیگاہ و کمر و پشت و چہاتی و ناف و پیٹ

بیان جنبش سرین و نشستگاہ و ران

بیان جنبش زانو

بیان جنبش ساق

دہنی چینی پہڑکے تو رنج سے نجات ملے اگر بائین چینی پہڑکے تو دولت
ملے اگر لنگ راست پہڑکے دولت و زر ملے اور اگر لنگ چپ پہڑکے
تو نعمت دنیا حاصل ہو اگر کیکی پنڈلی پہڑکے تو دشمن سے لڑائی درپیش
آوے اگر کسیکا دہنا ٹخنا پہڑکے تو سر استخوان کا ہے اگر بایان ٹخنا پہڑکے
تو رنج و غم مین مبتلا کرے اور اگر دونون ٹخنے پہڑکین تو سفر کرے اور
وہان سے دولت بیحساب لائے اگر دہنی پشت پا پہڑکے تو لوگون کو
اس سے شادمانی حاصل ہو اور مال و زر ہاتھ آئے اور اگر پشت پا چپ
پہڑکے تو ساتھ اپنی جورو کے سفر کرے اگر دہنا تلوا پہڑکے تو غم مین
مبتلا کرے اور اگر بایان تلوا پہڑکے تو سیم و زر ہاتھ آئے اگر پاؤنکا
نصف پنجہ پہڑکے تو سفر سے مال لیکر اپنے گھر کو واپس آئے
اگر دہنے پاؤنکا انگوٹھا پہڑکے تو دوست اسکا سفر سے آکر اس سے
ملاقی ہو اور دولت بہی ملے اگر دوسری انگلی پاؤن کی پہڑکے تو
ایک اونکے علیل رہے اگر تیسرے اونگلی پہڑکے تو دشمن سے
لڑائی ہو اگر چوتھی اونگلی پہڑکے تو دشمن سے اور دنیا دار خصومت
ظہور مین آئے اگر چہنگلیا پہڑکے تو کام دلی حاصل ہو اگر تمام اونگلیان
پاؤنکی پہڑلین تو شومی طالع سمجھنا چاہیے اگر بائین پاؤنکا انگوٹھا پہڑکے
مطلب دلی حاصل ہون اگر دوسرے انگلی پہڑکے تو علامت سعادتمندی
کی ہے اگر تیسرے انگلے پہڑکے تو غم سے آزادے حاصل ہو اگر
چوتھے اونگلے پہڑکے تو علامت خصومت اور فسادکی ہے اگر چہنگلیا

پھڑکے تو دولت ہاتھ آوے اگر تمام اونگلیاں پھڑکیں تو بھی دولت و زر ہاتھ آوے
ہو اگر دہنے پاؤں کے ناخن پھڑکیں تو علامت شر و فساد کی ہے اور اگر
بائیں پاؤں کی پھڑکیں تو نشانی خوشی اور خورمی کی ہے فقط ایضاً

دریافت حال دزدی میں اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہو جاوے اور وہ
اوسکا دریافت کرنا چاہے کہ کسنے چرائی ہے تو لایق ہے کہ با وضو ہو کر دو رکعت
نماز حاجت ادا کرے پہلے رکعت میں ایکمرتبہ الحمد اور گیارہ مرتبہ قل ہو اللہ اور
دوسری رکعت میں گیارہ مرتبہ الحمد اور ایک مرتبہ قل ہو اللہ پھر بعد التحیات کے گیارہ مرتبہ
درود پڑھے اور سلام پھیرے اور ایک لوٹا مٹی کا کوزا لیکر اوسمیں پانی
بھرے اور جسقدر آدمی ہوں اونکو بچھا کرے اور جگہ لیپ کے خوشبو سلگا کے
اور اوس لوٹے کو وہاں رکھ دے اور گیارہ مرتبہ درود پڑھے پھر اس
شعر کو پڑھنا شروع کرے ۔ راستی موجب رضای خداست ۔ کس ندیدم
کہ گم شد از رہ راست ۔ وہ لوٹا گھومنے لگے گا اور گھوم گھوم کر اوسی شخص
کیطرف جائیگا جسنے کہ چیز چرائی ہے بار ہا تجربہ کیا ہے کبھی خلاف نہیں پایا
مگر اعتقاد شرط ہے فقط ایضاً بطرز دیگر اسکے دیکھنے کی ترکیب یہ ہے
کہ بدستور مذکورۂ بالا وضو کرے اور دو رکعت نماز حاجت اسطرح پڑھے
کہ پہلی رکعت میں تین مرتبہ الحمد اور گیارہ مرتبہ سورہ الم تر کیف اور دوسری میں گیارہ مرتبہ
الحمد اور پانچ مرتبہ سورۂ تبت یدا بعد ازاں ایک مرتبہ التحیات اور تیرہ مرتبہ
درود پڑھ کے سلام پھیرے اور بدستور سابق جگہ کو لیپ کر ایک ڈوئی
لیکر اوسمیں ایک ڈورہ باندھے اور زمین پر ڈورا لٹکا کر اوسے کھڑا کرے

اور جسقدر کہ لوگ ہون اون سبکو اوسکی گرد بٹھا کے اور سورہ یٰسین پڑھنا شروع
کرے جس شخص نے کہ چیز چرائی ہوگی وہ ڈولی بار بار اوسکی طرف گھومیگی
پس جان جائے کہ یہی شخص چور ہے اور اوسکو پکڑ لے یہ بہی بارہا تجربہ
مین آیا ہے فقط ایضاً بدستور سابق وضو کرے اور دو رکعت نماز حاجت
اسطرح ادا کرے کہ پہلی رکعت مین گیارہ مرتبہ الحمد اور ایک مرتبہ قل اعوذ
برب الفلق اور دوسری رکعت مین ایک مرتبہ الحمد اور گیارہ مرتبہ قل اعوذ برب الناس
بعد ازان ایکمرتبہ التحیات اور سترہ مرتبہ درود پڑھکر سلام پھیرے اور ایک تختہ
کاغذ کا لیکر جسقدر آدمی کہ اوسوقت جمع ہون اونکو نام علیحدہ علیحدہ لکھے
اور کاٹ کاٹ کے اوسکی گولیان آٹے مین بنائے اور ایک لوٹا کورا
مٹی کا لیکر اوسمین ایک ہاتھ سے پانی بھرے اور جگہ کو لیپ کر اور خوشبو سونگا
کر اوس لوٹے کو اوس زمین پر رکھے اور گیارہ مرتبہ درود پڑھکے سورہ یٰس
پانچ مرتبہ پڑھے اور اون گولیون سے ایک ایک گولی اوس پانی مین ڈالتا
جائے جس شخص نے چیز چرائی ہوگی اوسکے نام کی گولی پانی مین بیٹھ جائیگی
پس اوس گولی کو نکالکر دیکھے جس شخص کا کہ اوسمین نام ہو سمجھ جائے کہ
کہ اسنے ہماری چیز چرائی ہے چاہے اوسکو سزا دے چاہے بسبب
مروت کے خاموش ہو رہے اسکو بہی صدہا مرتبہ آزمایا ہے فقط ایضاً
بدستور سابق وضو کرے اور دو رکعت نماز اسطرح ادا کرے کہ پہلی
رکعت مین ایک مرتبہ الحمد اور گیارہ مرتبہ سورۂ انا اعطینا اور دوسری
رکعت مین ایک مرتبہ الحمد اور گیارہ مرتبہ قل یا ایہا الکافرون بعد ازان

ایکمرتبہ التحیات اور اکیس مرتبہ درود پڑھ کے سلام پہیرے اور تہوڑا سا پانی
لیکر اوسپر گیارہ مرتبہ سورۂ یٰس اور پانچ مرتبہ سورۂ جن پڑہ کر دم کرے اور
جسقدر کہ آدمی ہون اون سبکو تہوڑا تہوڑا پانی پلاوے جس شخص نے
کہ چیز چرائی ہوگی اوسکا پیٹ مانند مشک کے پہولنے لگیگا پس جانا جائے
کہ اسی شخص نے میری چیز چرائی ہے بارہا تجربہ مین آیا ہے فقط ایضاً
بدستور سابق وضو کرکے دو رکعت نماز حاجت اسطرح ادا کرے کہ پہلی
رکعت مین ایک مرتبہ الحمد اور گیارہ مرتبہ سورۂ الم ترکیف اور دوسری
رکعت مین گیارہ مرتبہ الحمد اور اکیس مرتبہ سورۂ ارایت الذی پڑہ کے
ایک مرتبہ التحیات اور اکتالیس مرتبہ درود پڑہ کے سلام پہیرے اور
تہوڑا سا گڑ لیکر اوسپر سات مرتبہ سورۂ یٰس پڑہ کے دم کرے اور اوس
گڑ کو جسقدر لوگ ہون اون سب مین تہوڑا تہوڑا تقسیم کرے جس شخص نے کہ چرائی ہوگی اوسکو لہو کے دست آنے لگینگے پس جان جائے کہ اس
شخص نے میری چیز چرائی ہے فقط ایضاً چاہیئے وقت شب غسل کرکے
اور با وضو ہوکے دو رکعت نماز حاجت اسطرح ادا کرے کہ پہلی رکعت
مین ایک مرتبہ الحمد اور سات مرتبہ سورۂ والتین اور دوسری رکعت
مین گیارہ مرتبہ الحمد اور سات مرتبہ سورۂ انا انزلنا پہر التحیات اور اکتالیس
مرتبہ درود شریف پڑہ کے سلام پہیرے اور اس نقش معظم کو
مشک اور زعفران سے لکہے اور اوسپر گیارہ مرتبہ سورۂ یٰس
پڑہ کے دم کرے اور کسی سے کلام نکرے وہ نقش یہ ہے

اوراوسی مقام پر کہ جہان نماز پڑھی ہے اور نقش لکہا ہے وہین پر اس تعویذ کو سینے پاتہ پر رکہکے سو رہے جس شخص نے کہ چیز چرائی ہوگی اوسکی صورت صاف دکہلائی دیجائیگی مجرب ہی فقط

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ایضًا اگر کوئی شخص چاہے کہ جو شخص ہمارا مال چرا لیگیا ہے وہ ہمکو خود لاکر دیجاوے یا اوسکا مکان ہمکو معلوم ہوجاوے تو لایق ہے کہ وقت شب کے غسل کرے اور وضو کرکے دو رکعت نماز حاجت اسطرح ادا کرے کہ پہلی رکعت مین ایک مرتبہ الحمد اور گیارہ مرتبہ سورہ والضحی اور دوسری رکعت مین گیارہ مرتبہ الحمد اور پانچ مرتبہ سورہ الم نشرح پڑہے بعدہ التحیات پڑہ کے اکسٹھہ مرتبہ درود پڑہے اور اس نقش معظم ومکرم کو مشک اور عود اور زعفران اور برکی وغیرہ سے لکہے اور عطر لگاکر اپنے سرہانے رکہکر سو رہے جس شخص نے کہ چیز چرائی ہوگی اوسکا مکان معلوم ہوجائیگا کہ فلان مقام پر ہے اور اگر اسکو دفن کردے تو وہ خود لاکر اسکا مال دیجائیگا بارہا تجربہ کیا ہو مگر اعتقاد شرط ہی والا ہوس ہے نقش معظم یہ ہے اور جسوقت کہ مال ملجائے تو لایق ہے کہ شیرینی پنج کسیقدر پکاکر اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نذر دلاکر کسی محتاج کو یا سید کو کہلا دے فقط

۷۸۶

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۳
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

خاتمۃ الطبع

احسان اسیہ خالق کو جسنے ہشتدہ ہزار عالم کو خلق کیا اور درود اوسکی مخلوق خاص پر کہ محمد مصطفی ہین اور اونکی آل و اصحاب پر کہ با صدق و صفا ہین کہ بیچ اس ہنگام نیک انجام کے بیچ خاطر فاتر اس ناچیز عبد العزیز ابن جناب شیخ رجب علی صاحب کے ایسا تصور گذرا کہ فالنامہ جا بجا سے جمع کر کے بطرز جدید زیر طبع لاوے تاکہ ہر ایک شخص فائدہ اٹھاوے بعد مدت مدید کے بموجب حدیث شریف کہ جو ڈھونڈھتا ہے وہ پاتا ہے بسبب محبت دلی اور الفت قلبی کے نادرہ زمن مولوی محمد عزیز حسن خلف اصغر جناب مولانا سید محمد صادق علی رضوی لکھنوی کہ علماے نامدار اس شہر سے ہین اگر کان جملہ علوم کا کہون تو بجا ہے اور اگر دریا جملہ فنون کا لکھون تو سزاوار زیبا ہے چنانچہ فالنامہ مشہور و غیر مشہور اسقدر اونکے پاس جمع ہین کہ اگر زینت طبع آوین تو مدت مدید اور صرف کثیر چاہیے سواے اسکے بعنایت ایزدی خود مایہ ایسا رکھتے ہین کہ اگر ہر روز دس پانچ تالیف کر کے چھپوائین تو ہو سکتا ہے منتخب نمونہ نسخون مین سے دس بیس زبان اردو ترجمہ کر کے اور بوقت احسن باسعد زیر طبع لا کے مشتاقون کو شوق دلایا اور اس ماہ جولائی ۱۸۸۵ء مین ان نقوش عمدہ کو جلوہ گری دیکر واسطے آرایش کے کرسی پر بٹھایا ہے اگر صاحبان ذوق و شوق طالب ہونگے تو البتہ علاوہ اسکے بہی علم نجوم و رمل و جفر وغیرہ سے استخراج کر کے زیادہ ترچپا سکتے ہین چونکہ مین نے بتجویز مولوی صاحب ممدوح سے تالیف کرائی اور انہون نے حق تالیف اسکا بمحبت مجکو عنایت کیا لہذا کوئی صاحب بلا اجازت میرے اسکے طبع کا قصد نکرین کہ ناحق بجا سو زیان مین پڑین فقط

العبد شیخ عبد العزیز عفی عنہ تاجر کتب ساکن لکھنو

غلطنامہ مجموعۂ فالنامہ جدید

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲	۲	لوخط	لوح خط	۳۶	۹	توبہت	توبھی بہت
//	۳	ستراوار	سزاوار	۳۸	۶	حرف خ	حرف ح
۵	۳	اسانی	آسانی	۳۹	۱	بسمی	جسمی
//	۱۷	نمبرکا	نمبرکا ہو	۴۰	۱۷	ساتہ کہ نا	ساتہ کہ
//	۱۹	باسانی	بآسانی	//	۱۸	مومنین	نامومنین
۸	۴	ہوشیاد	ہوشیار	//	۹	دہانپ	ڈہانپ
۱۹	۱۶	اوشس	اوس	۴۱	۱۷	برار	برآر
۲۴	۳	گیئی	گیتی	۴۲	۱۹	بانیا	بانیان
//	۱۵	خواستگارد ے	خواستگار ہوے	۴۳	۱۷	بہرسکے	پہٹرسکے
۲۵	۱۱	اوکنار	اوکناو	۴۵	۱۳	دہنی	دہنی
//	۱۶	باسی ہر	ایسی تو	۴۶	۱۵	پہرسے	پہٹرسکے
۲۷	۲	وبہفت	زربفت	۴۷	۱۶	پیٹرلین	پہٹرگین
۳۱	۱۲	نعمت کی	نعمت کا	۴۸	۷	مرتبرالحمد	مرتبہ الحمد
۳۳	۲	کہ خداوند	کہ ای خداوند	//	۸	کوزا	کوڑا
۳۴	۹	مراد حاصل ہوگی	مراد تیری حاصل ہوگی	۴۹	۶	اور دوسری	اور دوسری
//	۱۰	ناتی کیتن فال	[illegible]	۵۰	۱۲	کراسس	کراسی
//	۱۱	نفرت	نصرت	۵۲	۱۱	زبیب طبع	زیب طبع
//	۱۲	کہ بشارت	[illegible]	//	۱۵	بچہ ونسے	بجھ زی
۳۵	۱۲	وسمن	دشمن				